بند کیجئے | پرنٹ کیجئے | اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

قانون و انصاف کمیشن کی سفارشات

والدین بچوں سے اپنی کفالت کا مطالبہ کرسکیں گے، زیر حراست افراد پر عدم تشدد یقینی بنایا جائے

پولیس کو گرفتار شخص کی باقاعدہ اطلاع دینا ہوگی، حادثات میں ہلاکتوں کے مقدمات کا فیصلہ 6 ماہ میں کرنا ہوگا، نکاح نامے میں جہیز کے سامان کا اندراج بھی ہوا کریگا

لاہور (نمائندہ جنگ، جنگ نیوز) چیف جسٹس کی سربراہی میں ہونے والے لاء اینڈ جسٹس کمیشن نے عائلی قوانین میں بعض ترامیم اور اضافے کی سفارشات کی منظوری دیدی ہے۔ تفصیل کے مطابق عائلی قوانین آرڈیننس 1961ء میں نئے سیکشن 9 اے میں اضافے کی منظوری دی گئی۔ سیکشن اے کے تحت اپنا خرچ نہ اٹھانے والے والدین اولاد سے خرچ کا مطالبہ کرسکتے ہیں اور والدین کو ملنے والی رقم میں سالانہ اضافہ کیا جائے گا۔ زیر حراست افراد پر عدم تشدد یقینی بنایا جائے گا، کسی بھی زیر حراست قیدی سے ایسا سلوک کرنے کی ممانعت ہو گی جس سے اسکی موت واقع ہوجائے، کسی بھی شخص کی گرفتاری کی صورت میں پولیس افسر گرفتاری کی باقاعدہ اطلاع دینے کا پابند ہو گا۔ مسلم عائلی قوانین آرڈیننس 1961ء کی دفعہ 9 میں بھی اضافہ کر دیا گیا۔ ترمیم کے تحت حادثات میں ہلاکتوں کے کیسز کا فیصلہ 6 ماہ میں کرنا ہو گا اور اعلامیہ کے مطابق نکاح نامے میں جہیز کا سامان بھی درج کیا جائے گا۔ اجلاس میں انصاف کی جلد فراہمی اور قوانین میں موجود سقم دور کرنے سے متعلقہ امور کا جائزہ لیا گیا۔ سپریم کورٹ لاہور رجسٹری میں ہونے والے اجلاس میں وفاقی شرعی عدالت کے چیف جسٹس سردار رضا خان، سندھ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس مقبول باقر، چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ عمر عطا بندیال، پشاور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس مظہر عالم خان، بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ اور اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس انور خان کاسی اٹارنی جنرل آف پاکستان سلمان اسلم بٹ، وفاقی سیکرٹری قانون ظفر اللہ خان، سپریم کورٹ کے سابق ججز اور سینئر وکلاء بھی شریک ہوئے۔ اجلاس میں عائلی اور دیگر قوانین کو موجودہ حالات اور بدلتے تقاضوں کے مطابق کرنے کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ انصاف کی جلد فراہمی کے عمل کو مزید موثر کرنے اور نابالغ بچوں سے متعلقہ قوانین میں بہتری لانے کے امور کا جائزہ لے کر سفارشات مرتب کرنے کی منظوری دی گئی۔ سپریم کورٹ لاہور رجسٹری میں اجلاس کے موقع پر عمارت کی سکیورٹی سخت کردی گئی۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے

ウイルスバスターモバイルがお得
virusbuster.jp
2年版が15%オフの特別キャンペーン中 この広告を見た方限定です。